# 2nd Newsletter

Quarterly: April to June-2025

# ٹرسٹ جمعیت تعلیمُ القُرآن

TRUST JAMIAT TALIMUL QURAN JTQ

0311-11-33-JTQ (587) | info@jtq.edu.pk | JTQTrustOfficial | jtqtrustofficial | www.jtq.edu.pk

**تعلیم**
ملکی سطح پر بچوں اور بڑوں کو باتجوید تعلیم القرآن کی فراہمی۔

**کردار سازی**
بچوں کی ابتدائی دینی تعلیم و تربیت اور ان کو بااخلاق و باصلاحیت مسلمان بنانا

**ٹیچرز ڈیویلپمنٹ**
باصلاحیت و باکردار، شفیق و ہمدرد اساتذہ کی تربیت۔



قریہ قریہ بستی بستی
پاکستان بھر میں فروغِ تعلیم القرآن کے لیے کوشاں

## ٹرسٹ کا تعارف

ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن، بانی حاجی محمد رفیع شمسی رحمۃ اللہ علیہ، قائم شدہ 1969، گذشتہ 56 سال کے عرصہ سے مملکت پاکستان کے طول و عرض میں بلاتخصیص رنگ و نسل و زبان اور مسلک فروغ تعلیم القرآن کے لئے خدمات انجام دے رہا ہے۔ یہ بلاشبہ و مبالغہ باتجوید تعلیم القرآن کا بڑا اور منفرد ادارہ ہے جس کے 90 فیصد سے زیادہ قرآن اسکول ملک کے دیہی و پسماندہ علاقوں میں قائم ہیں۔

## VISION

تعلیم القرآن و سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی روشنی میں مثالی، باکردار اور باصلاحیت افراد کے ذریعہ ملک و قوم کی ترقی، امت کی سربلندی اور انسانیت کی فلاح کا حصول







جامعہ بیت القرآن ملیر میں قاعدہ، ناظرہ اور حفظ القرآن کی کلاسیں

## پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن PIMA

## جمعیت تعلیمُ القُرآن ٹرسٹ

| | |
|---|---|
| مدرس | جناب حافظ محمد ذکاءاللہ صاحب |
| شرکاء کی تعداد / دورانیہ | 10 سے 15 شرکاء<br>ایک گھنٹہ (9:00 تا 10:00) |
| بمقام | **PIMA**<br>**PECHS, Khi.** |



# باتجوید قرآن کریم

## تعلیمی جائزے پر ایک مختصر رپورٹ

الحمدللہ جمعیت تعلیمُ القُرآن ٹرسٹ 2023 سے PIMA میں پروفیشنل حضرات کو باتجوید قرآن کریم کی تعلیم دینے میں مصروفِ عمل ہے۔

ایک گھنٹہ دورانیہ کی اس کلاس میں تجوید کے اصول وضوابط مشق کے ساتھ پڑھائے جاتے ہیں۔ شرکاء کی تعداد کم وبیش دس سے پندرہ کے درمیان ہوتی ہے۔ شرکاء بہت دلچسپی سے کورس میں شرکت کرتے ہیں۔ تجوید کی کلاس میں ان کو پارہ نمبر 30 کی سورتوں کی مشق بھی کرائی جاتی ہے اور ان سے سبق سنا بھی جاتا ہے۔





**PIMA** پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن ڈاکٹر حضرات کا ایک ادارہ ہے، جس کا مقصد ڈاکٹر حضرات کو اسلامی اصولوں سے روشناس کرانا اور انہیں اسلامی اصولوں کے مطابق پیشہ وارانہ خدمات کی انجام دہی کے لیے تیار کرنا ہے۔ اسی مقصد کے حصول کے لیے ان حضرات کو ہفتے میں ایک دن (اتوار) قرآن کریم کی تعلیم تجوید کے ساتھ دی جاتی ہے۔

# جمعیت تعلیم القرآن ٹرسٹ

## قاعدہ، ناظرہ، حفظ درجات کے سالانہ امتحانات مئی و جون 2025ء

الحمدللہ! مئی و جون 2025 میں سالانا امتحانات کا انعقاد ہوا تمام شاخوں کے ذمہ دارو معاونین مقامی و مرکزی انسپکٹر صاحبان نے نہایت دلچسپی و جوش وخروش سے اس عمل کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔




مکتب شاخ بہاولپور





مکتب شاخ بہاولنگر



بفضلہ تعالی نظامت تعلیمات شعبہ خواتین اور دیگر منسلک و متعلقہ شعبہ جات تعلیمی کمیٹی کی ہدایات کی روشنی میں معیار تعلیم میں بہتری مکاتب میں تعداد و حاضری اور مقامی و مرکزی ممتحن و ممتحنہ معلمین و معلمات کی صلاحیتوں اور کارکردگی پر مسلسل نگرانی کر رہے ہیں تاکہ طلباء و طالبات تعلیم کے لئے سنجیدہ رہیں۔

Scan me

For JTQ Whatsapp Group

Donate Now
Debit Dredit / Jazzcash

جمعیت تعلیم القرآن ٹرسٹ

+92 311 1133 587


info@jtq.edu.pk jtqtrustofficial JTQTrustOfficial www.jtq.edu.pk

TRUST JAMIAT TALIMUL QURAN JTQ

جمعیت تعلیم القرآن ٹرسٹ

# شعبۂ خواتین

## اسکول معلمات ریفریشر کورس




قرآن پاک کے اساتذہ کی تجوید میں مہارت وقابلیت میں اضافے اور پیشہ ورانہ ترقی کے کیلئے ماہِ جون 2025 میں ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن شعبۂ خواتین کے تحت اسکول معلمات کے لئے 3 روزہ ریفریشر کورس کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں 54 معلمات نے شرکت کی۔ اس کورس میں معلمات کو تدریس بذریعۂ بورڈ کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے ABL Method متعارف کرایا گیا۔

## ٹریننگ ورکشاپ برائے مکاتب ومعلمہ تربیتی کورس ممتحنات

جون 2025 میں مکاتب ومعلمہ تربیتی کورس ممتحنات کی مہارت وقابلیت میں اضافے اور پیشہ ورانہ ترقی کے لئے ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا تھا۔ ورکشاپ میں ممتحنات کا انفرادی طور پر حدر کا جائزہ لیا گیا۔ جس میں ان کے امتحان لینے کی صلاحیتوں کا جائزہ لیا اور ان کی خود کی ادائیگی کی اصلاح کی۔



AFTER SCHOOL PROGRAM
جستجو
THE SEEKER FINDS
www.justuju.com.pk





## عید ملن اور یکجہتیِ فلسطین خصوصی پروگرام

شعبۂ جستجو (After School Program) نے عید کی خوشیوں کو 9 اپریل 2025ء، ایک منفرد انداز میں منانے کا اہتمام کیا۔ اس پر مسرت موقع پر بچوں کے لئے مختلف کھیل رکھے گئے، یہ تقریب محض خوشیوں کی تقریب نا تھی بلکہ دنیا کے تمام مظلومین خاص فلسطین کے مسلمان اور انکے بچوں کو اپنی دعاوں میں شامل کر کے یاد رکھا گیا۔ بچوں کو مسلمانوں کے قبلہ اول مسجد اقصی کی اہمیت تاریخ اور آزادی کی جدوجہد سے متعلق مناسب اور آسان الفاظ میں مختصرا باور کروایا گیا تاکہ یہ اور انکے بعد والی نسل بھی صورتحال سے آگاہ رہے۔

جمعیت تعلیم القرآن ٹرسٹ

# سہ ماہی کارکردگی

ماہ اپریل تا جون 2025

قرآن اسکولز **2745**

کلاسز **4025**

میں تکمیل کرنے والے طلباء کی تعداد

| | |
|---|---|
| قاعدہ | 6965 |
| ناظرہ | 3874 |
| حفظ | 648 |

| | |
|---|---|
| طلباء داخلے (قاعدہ، ناظرہ، حفظ) | 6541 |
| تربیتی کورس برائے معلمین ومعلمات | کورسز 31 \| شرکاء 615 |

## اسیران جیل کی اصلاح و دینی تعلیم وتربیت

| | |
|---|---|
| جیلیں | 122 |
| جیل مکتب | 198 |
| زیر تعلیم اسیران | 75,328 |

# جیل مکاتب کی دینی، اصلاحی وفلاحی خدمات کی جھلک







الحمدللہ! ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن 1984ء سے ملک بھر کی جیلوں میں اسیران کو بنیادی دینی تعلیم مثلاً کلمہ، نماز، قاعدہ، ناظرہ، حفظ ترجمہ قرآن، دراسات دینیہ اور درس نظامی کی تعلیم دے رہا ہے۔ یہ خدمات تجربہ کار وتربیت یافتہ معلمین ونائب معلمین (یعنی تعلیم یافتہ اسیران) کے ذریعے انجام دی جاتی ہیں تاکہ اسیران اپنی اصلاح کے بعد معاشرے میں ایک باعمل اور مفید شہری بن کر واپس آسکیں۔

جون 2025ء کی رپورٹ کے مطابق ملک بھر کی 122 جیلوں میں 1,733 معلمین ونائب معلمین کے تحت 75,328 اسیران دینی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

اس سہ ماہی کے دوران جیلوں میں کچھ رفاہی فلاحی خدمات کا سلسلہ جاری رہا۔ نیز رہائی پانے والے اسیران کی دیت جرمانہ وہرجانہ کے لئے ضابطہ کے مطابق اعانت کی گئی اور اسیران کی باعزت واپسی کے لئے رہنمائی اور ہر ممکن تعاون کیا گیا۔

## 122 جیلوں میں تعلیمی کارکردگی کی رپورٹ

اپریل تا جون 2025 کے دوران **14,847** اسیران نے درجہ قاعدہ، **198** نے ناظرہ قرآن اور **3** اسیران نے حفظ قرآن کریم مکمل کیا۔

قابل اطمینان بات ہے کہ اس سہ ماہی کے دوران بھی حسبِ معمول جیلوں کے 198 مکاتب میں تعلیمی انتظامی اور تربیتی اعتبار سے 64 مکاتب کو مثالی، 117 کو معیاری درجہ دیا گیا۔

Online Bank Account Details:
Title of A/C: Trust Jamiat Talim Ul Quran

| Bank Name | Donation | Zakat |
|---|---|---|
| Meezan Bank Ltd. | 0114-0100-208053 | 0114-0100208054 |
| Faysal Bank Ltd. | 3137-387000003242 | 3137-387000003241 |

فروغِ تعلیم القرآن ایک عظیم صدقہ جاریہ ہے،
آپ بھی قریہ قریہ بستی بستی تعلیم القرآن کو عام کرنے کے لیے اس تحریک کا حصہ بن سکتے ہیں۔
خود بھی اس کار خیر میں حصہ لیجیے اور بچوں کو بھی پاکٹ منی (Pocket Money) سے صدقہ جاریہ میں حصہ ڈالنے کی ترغیب دیجیے۔

SCAN THIS QR CODE USING THE WHATSAPP CAMERA TO JOIN THIS GROUP

Donate Now
Debit Dredit / Jazzcash

ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن اندرون عالمگیر مسجد، عالمگیر روڈ، بہادر آباد، کراچی 021-34935824, 34932283

0311-11-33-JTQ (587) | info@jtq.edu.pk | jtqtrustofficial | JTQTrustOfficial | www.jtq.edu.pk